یہ سال گرہ ہو تجھے یا شاہ مبارک
اللہ مبارک کرے اللہ مبارک

کیا شانِ شہِ دیں ہے تبارک و تعالی
ہو یہ حشم و دبدبہ و جاہ مبارک

امروز ہوئی تیری ولادت اے مہ نور
جس سے کہ مشرف ہوا یہ ماہ مبارک

جب تیری سواری کہیں جاتی ہے تو اسدم
کہتے ہیں ملک آکے سرِ راہ مبارک

فرزند سلامت رہیں دنیا میں تمہارے
ہر ایک کا اللہ کرے بیاہ مبارک

یہ سلطنت و شاہی و اجلال و کرامت
واللہ مبارک تجھے باللہ مبارک

یہ زہد یہ تقویٰ یہ تورع یہ طہارت
ہر وقت مبارک تجھے ہر گاہ مبارک

یہ مرتبہء عالی و یہ شانِ گرامی
ہووے تجھے اے خسروِ ذی جاہ مبارک

تو ایک طرف ، اُس کی بھی تعظیم ہے واجب
ہووے جو حضوری تیرے ہمراہ مبارک

پھر پھر کے یہی کہتا ہے احمد کا قلم آج
اے شاہ دیں "سلمک اللہ" مبارک